سوال

اسلام علیکم ورحمت اللہ وبرکتہ۔ میرا سوال یہ ہے کہ جب کسی سے ہاتھ ملاتا ہوں تومجھے لگتا ہے کہ میرا ہاتھ گندا ہوگیا اسی طرح جب گاڑی وغیرہ میں سفر کرتا ہوں توسوچتا ہوں کہ میرے کپڑے گندے ہوگئے اور سر پر ہر وقت بوجھ رہتا ہے غصہ زیادہ آتا ہے۔

جواب

وہم کی بیماری اوراس کا علاج السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ جب کسی سے ہاتھ ملاتا ہوں تومجھے لگتا ہے کہ میرا ہاتھ گندا ہوگیا ہے۔ اسی طرح جب گاڑی وغیرہ میں سفر کرتا ہوں توسوچتا ہوں کہ میرے کپڑے گندے ہوگئے اور سر پر ہر وقت بوجھ رہتا ہے اور غصہ بھی زیادہ آتا ہے۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! یہ وسوسہ ہے جو شیطان مومن بندے کو تنگ کرنے کے لئے پیدا کرتا ہے۔ آپ حتی الامکان وسوسے کی طرف متوجہ ہی نہ ہوں اوراس سے اعراض کرتے رہیں۔ وسوسے کا سب سے بہتر اور اچھا علاج اللہ تعالی کا کثرت سے ذکر اور شیطان مردود سے پناہ اور معاصی وگناہوں سے دور رہنا ہے جس کی وجہ سے شیطان اولاد آدم پر مسلط ہوتا ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی